# دھوکے سے بینِفٹس کا حصول

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا جھوٹ بول کر کفار گورنمنٹ سے مال حاصل کیا جاسکتا ہے۔کیونکہ یوکے میں گورنمنٹ بہت سے بینِفٹس(Benefits) دیتی ہے۔مگر اس کے لیے کچھ شرائط ہوتی ہیں۔کیا ان فوائد(Benefits) کو جھوٹ بول کر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

سائل: آصف – برمنگھم (انگلینڈ)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

جھوٹ بول کر بینِفٹس(Benefits) کا حصول ناجائز ہےکیونکہ یہ جھوٹ اوردھوکا ہے ۔اگرچہ یہاں گورنمنٹ کفار کی ہے مگر کافروں کو بھی دھوکا دینا ناجائز ہے۔

جھوٹ بولنے کی مذمت کئی احادیث میں وارد ہوئی جیسا کہ رسول اللہصلَّی اللہ تعالٰی علیہ وسلَّم نے فرمایا:''مومن کی طبع میں تمام خصلتیں ہوسکتی ہیں مگر خیانت اور جھوٹ۔

(''المسند'' للإمام أحمد بن حنبل،حدیث أبي امامۃ الباھلی،الحدیث:۲۲۲۳۲،ج۸،ص۲۷۶)

''یعنی یہ دونوں چیزیں ایمان کے خلاف ہیں، مومن کو ان سے دور رہنے کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔

اورکافر وں کے ساتھ غدر و دھوکے سے معاملہ کرنا ناجائز ہے جیسا کہ سیدی اعلی امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں :بلکہ کافر اصلی غیر ذمی وغیر مستامن سے اپنے نفع کے وہ عقود بھی جائز ہیں جو مسلم وذمی مستامن سے ناجائز ہیں، جن میں غدر نہ ہو کہ غدر و بدعہدی مطلقًا سب سے حرام، ہے، مسلم ہو یا کافر ذمی ہو یا حربی مستامن ہو یا غیر مستامن اصلی ہو یامرتد۔

(فتاوی رضویہ ج14 ص140)

اور ہدایہ و فتح القدیر وغیرہما میں ہے: **لان مالھم غیر معصوم فبای طریق اخذہ المسلم اخذ مالامباحامالم یکن غدرا**: کیونکہ ان کا مال معصوم نہیں، اسے مسلمان جس طریق سے بھی حاصل کرلے وہ ال مباح ہوگا مگرشرط یہ ہے کہ دھوکا نہ ہو۔

(فتح القدیر باب استیلاء الکفار مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۵/ ۲۵۴/درمختار کتاب الجہاد مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۳۴۱)

اور احادیث کثیرہ میں دھوکا دینے کی ممانعت موجود ہے ۔ جیسا کہ نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے :" **إِذَا جَمَعَ اللهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُرْفَعُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ، فَقِيلَ: هَذِهِ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ**"''جب اللہ عزوجل قیامت کے دن اولین وآخرین کو جمع فرمائے گا تو ہر دھوکے بازکے لئے ایک جھنڈا بلند کیا جائے گا پھر کہا جائے گا :''یہ فلاں بن فلاں کا دھوکا ہے۔''

(الصحیح المسلم،کتاب الجہاد، باب تحریم الغدر ،الحدیث:۴۵۲۹،ص۹۸۶)
وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری
Date: 18-2-2018

**Obtaining benefits via deception**

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: Can one obtain benefits from a non-Muslim government by lying to them because the government in U.K. gives out many benefits. However, they have a few conditions, so can one lie to attain these benefits?**

Questioner: Asif from Birmingham, U.K.

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِكِ الوَهاب اللهم هدايۃَ الحَق والصواب

It is impermissible to lie in order to obtain benefits because this is something which is untruthful and deceiving. Even though the government here are non-Muslim, it is also impermissible to deceive non-Muslims as well.

There have been many Hadīths mentioned which reprimand the telling of lies, just as the Messenger of Allāh ﷺ has stated, “There can be any trait in the nature of a believer other than deception and lying.”

[al-Musnad li al-Imām Ahmad bin Hanbal, vol 8, pg 276, Hadīth no 22232]

In other words, both of these [qualities] are in contradiction to Īmān [faith]; there is a great need for believers to avoid these.

Also, it is impermissible to do fraudulent and deceptive dealings with non-Muslims, just as Sayyidī Āla Hazrat, Imām e Ahle Sunnat, Imām Ahmad Razā Khān, may Allāh ﷻ shower countless mercies upon him, states that, “In fact, the dealings which are impermissible with a Muslim, zimmī[1] & musta’min[2] are permissible with a kāfir aslī[3], non-zimmī and non-musta’min for one’s own benefit; in which there is no fraud, as fraud and the breaching of a promise is generally harām [unlawful] with

[1] A non-Muslim in a Muslim governed territory with legal protection due to paying tax.

[2] A non-Muslim from a non-Muslim governed territory who only temporarily resides in a Muslim state for a short term via a short term contract of their safety, giving them the benefit of attaining the protected status of the zimmīs but without the need to pay tax.

[3] Someone who is a non-Muslim from the onset i.e. the opposite case compared to an apostate.

all; be it a Muslim or non-Muslim, zimmī or harbī[4], musta'min or non-musta'min, aslī or apostate."

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 14, pg 140]

In addition, it is stated in al-Hidāyah, Fath al-Qadīr, etc that,

ا"لان مالهم غير معصوم فباى طريق اخذه المسلم اخذ مالامباحامالم يكن غدر"

"Because their wealth is not of respect, whichever method a Muslims obtains it will be deemed as permissible wealth, so long as there is no deception."

[Fath al-Qadīr, vol 5, pg 254/Durr Mukhtār vol 1, pg 341]

The prohibition of deception is mentioned in many Hadīths, just like the lofty saying of the Noble Prophet ﷺ which states that,

"هَذِهِ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ :إِذَا جَمَعَ اللهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُرْفَعُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ، فَقِيلَ"

"When Allāh ﷻ will gather together, on the Day of Judgment, all the former and latter generations of mankind, a flag will be raised (to mark off) every person guilty of breaching faith, and it will be announced that this is the deceit of so and so, son of so and so (to attract the attention of people to his guilt)."

[Sahīh Muslim, pg 986, Hadīth no 6529]

والله تعالى اعلم ورسولہ اعلم صلی الله علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali

---

[4] A non-Muslim who does not live under the condition of zimmīs.